نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت فراہم کردہ سپر سیڈرز کے استعمال سے دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے واقعات میں کمی واقع ہوئی ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:10نومبر2024: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت صوبہ میں زرعی شعبے کے ٹرانسفارمیشن پلان پر عملدرآمد جاری ہے۔وزیر اعلی پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 5 ارب روپے کی لاگت سے صوبے کے کسانوں کو 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جا رہے ہیں۔

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا ہے کہ یہ سپر سیڈرز 60 فیصد سبسڈی پر کسانوں کو فراہم کیے جا رہے ہیں۔سپر سیڈرز کے استعمال سے نہ صرف دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے واقعات میں کمی آئی ہے بلکہ زمین کی زرخیزی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے دھان کی باقیات زمین میں مل کر گندم کی کاشت کی تیاری اور بیجائی کے تمام عوامل ایک ہی وقت میں مکمل ہو جاتے ہیں، جس سے کسانوں کی محنت اور وقت دونوں کی بچت ہوتی ہے۔حکومت پنجاب کی سبسڈی پر فراہم کردہ سپر سیڈرز کا روزانہ ہزاروں ایکڑ رقبہ پر استعمال جاری ہے اور کاشتکار نہ صرف ان سپر سیڈرز کا خود استعمال کر رہے ہیں بلکہ انہیں کرایہ پر بھی فراہم کر کے دیگر کاشتکاروں کو بھی فائدہ پہنچا رہے ہیں۔

☆☆☆☆